efu LIFE

DISTRIBUTED BY JS BANK



# ای ایف یو ایکسیلیریٹڈ سیونگز پلان

انویسٹمنٹ ایک بار، منافع ہر بار



# ای ایف یو ایکسیلیریٹڈ سیونگز پلان

اگر آپ نے اتنی بچت کرلی ہے کہ سرمایہ کاری کرسکیں، تو اگلا سوال یہ ہوتا ہے کہ پیسہ کہاں لگایا جائے۔ عام انشورنس پلانز میں بار بار پریمیم ادا کرنا اکثر ایک جھنجھٹ محسوس ہوتا ہے، اور یہ آپ کی بچت کی ترقی کو محدود کرسکتا ہے۔

اس کے برعکس، آپ ایسا پلان چاہیں گے جس میں آپ ایک ہی بار رقم لگائیں اور پھر بھی اپنی بچت میں اضافہ حاصل کرسکیں۔ ای ایف یو ایکسیلیریٹڈ سیونگز پلان اس کے لیے بہترین انتخاب ہے۔ یہ آپ کو یکمشت سرمایہ کاری، منافع بخش ریٹرن اور لائف انشورنس کوریج کی سہولت دیتا ہے۔ اس کے ساتھ آپ اضافی تحفظ کے لیے رائیڈرز بھی شامل کرسکتے ہیں — جیسے حادثاتی موت کی صورت میں آپ کے خاندان کے لیے مالی ادائیگی۔

## پروڈکٹ کا اظہار:

**اس زندگی کے بیمہ کی دو نمایاں خصوصیات یہ ہیں: انشورنس کا تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری منسلک ہے یونٹ لنکڈ فنڈ (فنڈز) میں موجود اثاثہ جات کی کارکردگی سے**

## غور و فکر کا دورانیہ (فری لک پیریڈ):

**اگر آپ لکھی ہوئی پالیسی دستاویزات کی وصولی کے 14 دن کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ ای ایف یو لائف کے طبی/کلینیکل معائنہ جات کے سلسلے میں اٹھنے والے اخراجات منہاء کرکے، پریمیم کی مکمل ادائیگی کی واپسی کے اہل ہونگے۔**

## اہم تفصیلات:

| | |
|---|---|
| 18 سے 65 سال | عمر کی اہلیت |
| 10 سال | کم از کم پلان کی مدت |
| 80 سال | میچیورٹی پر عمر کی حد |
| 20,000 روپے سالانہ | کم از کم پریمیم |
| کم از کم 20,000 روپے | اضافی اختیاری پریمیم |

## نشوونما کے لئے مواقع:

اس پلان میں ادا کیا جانے والا ہر پریمیئم ای ایف یو لائف کے منتخب کردہ کسی ایک یا دو سرمایہ کاری فنڈز میں لگایا جائے گا۔ یہ مکمل طور پر آپ کا فیصلہ ہوگا کہ اپنے سرمایہ کاری کے مقاصد کی بنیاد پر فنڈ کا انتخاب کریں۔

آپ درج ذیل یونٹ فنڈز میں سے انتخاب کرسکتے ہیں:

تمام فنڈز کی رسک پروفائیلنگ ان میں کی جانے والی سرمایا کاری کے تحت کی گی ہے

| فنڈز | |
|---|---|
| ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ | ای ایف یو مینیجڈ گروتھ فنڈ * |
| فنڈ کی قسم: منی مارکٹ فنڈ | فنڈ کی قسم: بیلنسڈ |
| رسک پروفائل: کم | رسک پروفائل: درمیانی |
| مستحکم آمدنی فراہم کرنے والا سرمایہ کاری فنڈ جس میں یہ ضمانت دی جاتی ہے کہ فنڈ کی بولی قیمت (بِڈ پرائس) کبھی نیچے نہیں آئے گی۔ اسکا مقصد قلیل المیعاد قرضہ لینے والے مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمایہ کی مستحکم نشو ونما ہے۔ | متوازن سرمایہ کاری کی حکمت عملی کے ساتھ سرمایہ کاری فنڈ ہے۔ اسکا ہدف حکومتی مالیاتی اداروں میں محتاط طریقے سے منتخب کردہ بلوچپ ایکویٹیز میں اور مختلف فکسڈ انکم سیکیورٹیز اور نقد میں سرما کاری کے ذریعے سرمائے میں مناسب فروغ اور مستحکم آمدنی کا حصول ہے۔ |
| ای ایف یو ایگریسو فنڈ | ای ایف یو انکم گروتھ فنڈ |
| فنڈ کی قسم: ایگریسو | فنڈ کی قسم: انکم فنڈ |
| رسک پروفائل: زیادہ | رسک پروفائل: کم |
| زیادہ آمدنی فراہم کرنے والے مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے مقصد سے وضع کیا جانے والی ایک سرمایہ کاری فنڈ۔ اس کا مقصد مارکیٹ کی متوقع تیزی کو مدنظر رکھتے ہوئے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔ | ایک سرمایہ کاری فنڈ جس کا مقصد سیکیوریٹیز میں سرمایہ کاری کر کے مستحکم بڑھوتری حاصل کرنا ہے۔ اس کا ہدف حکومتی مالیاتے اداروں اور قرضہ دینے والی اعلیٰ معیاری مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمایہ کی مستحکم نشونما ہے |

**متعدّد فنڈز کی سہولت ( ملٹیپل فنڈز آپشن ):** اس سہولت کے تحت، آپ پلان کے یونٹ سے منسلک دو فنڈز کے مرکب کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ فنڈز کو 10 فیصد کے ملٹیپل کے تحت منتخب کیا جا سکتا ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ فنڈز کو 10/90، 20/80، 30/70، 40/60 یا 50/50 میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

***ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ خودکار طور پر منتخب کیا جائے گا**

## فوائد:

### فوائد بصورتِ فوتگی (ڈیتھ بینیفٹ):

بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کی ناگہانی وفات کی صورت میں مستفیدان (نامزد بینیفیشری) کو مندرجہ ذیل فوائد بصورتِ فوتگی میں حاصل ہوگا

- پلان کا زرِ بیمہ اور بنیادی پلان کے پریمیئم پر اطلاق شدہ یونٹس کی نقد مالیت (کیش ویلیو) کا مجموعہ ادا کیا جائے گا

مع

- اضافی اختیاری پریمیم (فنڈ ایکسلریشن پریمیئم) کے یونٹس کی نقد مالیت (کیش ویلیو)

## میچورٹی بینیفٹ

- پالیسی کی مدت کے اختتام پر، جب پالیسی ہولڈر کے بقیدِ حیات ہو، قابل ادائیگی میچورٹی بینیفٹ ہوگا:

بنیادی پلان پر پریمیئم کو مختص کیے گئے یونٹس کی کیش ویلیو

پلس

- فنڈ ایکسلریشن پریمیئم کو اطلاق شدہ کیش ویلیو (اگر کوئی ہو)

## ضمنی فوائد:

انفرادی صارفین اپنی مرضی سے ضرورت کے مطابق پلان استعمال کر سکتے ہیں اور اس پلان کے ساتھ کئی اضافی فوائد بھی شامل کر سکتے ہیں۔

**ایکسیڈنٹل ڈیتھ بینیفٹ***: بیمہ دار کی حادثاتی وفات کی صورت میں یہ ضمنی فائدہ (رائڈر) ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

**ایکسیڈنٹل ڈیتھ اینڈ ڈس ایبلیٹی بینیفٹ پلس**:* حادثاتی وفات یا معذوری کی صورت میں (جزوی یا مستقل) جو آپ کو مستقل طور پر معذور کر دے، یہ اختیاری بینیفٹ ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

***کسی ایک حادثاتی رائڈر کا انتخاب کیا جا سکتا ہے۔**

## یونٹ ایلوکیشن:

یونٹس میں سرمایہ کاری کے لئے پریمیئم کا تناسب پالیسی سال کے حساب سے مختلف ہوتا ہے اور ذیل میں درج ہے:

| پالیسی سال | ایلوکیشن | ایلوکیشن کی چارجز * |
|---|---|---|
| 1** | 60 فیصد | 40 فیصد |
| 2 | 90 فیصد | 10 فیصد |
| 3 سے 10 | 105 فیصد | 0 فیصد |

اضافی اختیاری پریمیئم کا 100 فیصد منتخب شدہ فنڈ میں یونٹس کی خریداری کے لئے مختص کیا جاتا ہے۔

*اوپر درج ٹیبل کے مطابق ہر سال ادا کئے گئے پریمیئم میں سے تخصیص کی فیس منہاء کی جائے گی اور بقایا رقم اکاؤنٹ ویلیو کو مختص کی جائے گی

## سم ایشورڈ:

یہ وہ ضمانت شدہ رقم ہے جو بیمہ شدہ فرد کی وفات کی صورت میں ادا کی جاتی ہے۔ سم ایشورڈ کا تعین بنیادی پلان کے سالانہ پریمیم کو منتخب کردہ ''پروٹیکشن ملٹی پل'' سے ضرب دے کر کیا جاتا ہے، جو داخلے کی عمر کے مطابق درج ذیل جدول سے منتخب کیا جا سکتا ہے:

| عمر | پروٹیکشن ملٹی پل کی حد |
|---|---|
| 35–18 | 35 – 5 |
| 40–36 | 25 – 5 |
| 49–41 | 15 – 5 |
| 60–50 | 10 – 5 |
| 65–61 | 5 |

زیادہ سے زیادہ پروٹیکشن ملٹی پل عمر اور منتخب کردہ پریمیم کے مطابق مختلف ہو سکتا ہے۔

## اضافی اختیاری پریمیم (فنڈ ایکسلریشن پریمئم):

ایک باقاعدہ پریمیئم پلان ہے تاہم اس میں یہ سہولت بھی کہ آپ اس میں اضافی رقم اکٹھی جمع کرواسکتے ہیں۔ اس طرح اکٹھی رقم جمع کرانے کو اضافی اختیاری پریمیم کہتے ہیں۔ اس کی ادائیگی پالیسی مدت کے دوران کسی بھی وقت پلان کی نقد مالیت (کیش ویلیو) میں اضافے کا باعث بنتی ہے۔انفرادی سرمایہ کاری۔اضافی رقم بذریعہ اضافی اختیاری پریمیم پلان میں جمع کرواکر منتخب فنڈ سے حاصل ہونے والے منافع سے اٹھاسکتے ہیں۔باقاعدہ بچت اور موقع بہ موقع اکٹھی رقم جمع کروانے کی سہولت آپکو معاشی آزادی فراہم کرتی ہے تاکہ آپ جس طرح چاہیں بچت کریں۔اضافی اختیاری پریمیم کی کم ازکم ادائیگی 20,000روپے ہے۔

## بچت تک ہروقت رسائی:

یہ پلان آپکو جمع شدہ فنڈ تک مکمل رسائی فراہم کرتا ہے۔ تک باقاعدہ ادائیگی کے بعد آپ چاہیں تو اپنی رقم مکمل یا جزوی طور پر نکلواسکتے ہیں۔

## مکمل دستبرداری:

آپ اگر چاہیں تو اپنے فنڈ کے تمام یونٹس کی نقد مالیت (کیش یلیو) نکلواسکتے ہیں۔ اس صورت میں آپکو یونٹس کی رقم اس وقت کی قیمت کے مطابق ادا کی جائے گی اور آپکا پلان منسوخ ہوجائے گا۔

## جزوی دستبرداری:

آپ چاہیں تو یونٹس کی محدود تعداد کی نقد مالیت (کیش ویلیو) نکلواکر فنڈ کی مالیت (فنڈ ویلیو) سے جزوی طور پر دستبردار ہوسکتے ہیں۔ اس جزوی دستبرداری کی صورت میں آپکو کم ازکم 20,000 روپے تک کی رقم فنڈ میں چھوڑنی ہوگی۔جزوی دستبرداری کا اثر آپکی جمع شدہ رقم پر بھی پڑے گا۔

FAP کی کیش ویلیو (مکمل یا جزوی) پالیسی کی مدت کے دوران کسی بھی وقت نکلوائی جاسکتی ہے۔

## افراطِ زر (انڈیکسیشن):

اس انتخاب کے تحت بغیر کسی میڈیکل ثبوت کے، ہرسال پریمیم پچھلے سال کے اصل بنیادی پلان کے پریمیم کا 5 فیصد اطلاق کردہ فوائد میں مناسب اضافے کے ساتھ 55 سال کی عمر تک بڑھ جائے گا

**دعوٰی (کلیم):** کسی بھی ناگہانی کی صورت میں، آپ اپنے دعوے (کلیم) کی اطلاع جے ایس بینک لمیٹڈ کی کسی بھی شاخ میں جاکر، ای ایف یو ہیڈ آفس آکر یا ملک میں ای ایف یو کی کسی بھی شاخ میں جاکر دے سکتے ہیں۔ فوری عمل درآمد کے لئے آپ ہمارے کال سینٹر 111-338-111-021 پر رابطہ کر سکتے ہیں یا ہماری ویب سائٹ پر موجود اطلاع فارم بھریئے اور ہمیں cod@efulife.com پر ای میل کر دیجئے یا آپ جے ایس بینک کے کال سینٹر 321 654-111-021 اور CCU.Helpdesk@jsbl.com پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ بعدازاں، اگلے مراحل سے آگاہ کرنے کیلئے آپ سے رابطہ کیا جائے گا۔

## (اخراجات) چارجز کیا ہیں؟

| چارجز | ریٹ/ پاکستان روپے میں |
|---|---|
| انتظامی اخراجات (ایڈمنسٹریشن چارج) | 720روپے سالانہ |
| بڈ/آفر (بولی/پیشکش) سپریڈ | مختص شدہ بنیادی اور اضافی فنڈ پر پریمیئم کا 5فیصد |
| سرمایہ کاری انتظامات اخراجات (انویسمنٹ منیجمنٹ چارج) | فنڈ قدر کا 1.5 فیصد سالانہ |
| فنڈ تبدیل کرنے کی فیس | 500روپے |
| دستبرداری عمل درآمد فیس | 500روپے |
| دستبرداری اخراجات | 100 فیصد دو مکمل سالوں کے پریمیم کی ادائیگی سے قبل |
| ٹیلیٹی چارج (بیمہ کی مالیت) | ہر سال عمر پر مشتمل بیمہ حیات کے خطرے کے امکان کو مدنظر رکھتے ہوئے، موریٹلٹی چارج لاگو ہوتا ہے جو سم ایٹ رسک کے تحت حاصل کیا جاتا ہے۔ البتہ جب کیش ویلیو سم کور سے بڑھ جائے تو مورٹیلی کی مد میں کوئی رقم منہا نہیں کی جائے گی |

## انتباہ:

- یہ پروڈکٹ ای ایف یولائف اشورنس لمیٹڈ نے انڈر رائٹ کیا ہے۔ یہ پروڈکٹ جے ایس بینک لمیٹڈ یا اسکی ذیلی کمپنی کی نہیں اور نہ جے ایس بینک لمیٹڈ اس کا ضامن ہے۔
- آپ کے سرمائے میں اضافے کا انحصار فنڈ ذ کی کارکردگی پر ہوتا ہے۔
- فنڈ میں ہونے والی تمام سرمایہ کاری مارکیٹ رسک سے مشروط ہے۔ فنڈ کی آئندہ کی کارکردگی کا لازمی دارومدار پچھلی کارکردگی پر نہیں ہوتا۔ کسی قسم کا پیشگی اندازہ ضروری نہیں کہ مستقبل کی ترجمانی کرے یا فنڈ ز کی ممکنہ کارکردگی کو بیان کرے اور نہ ہی ای ایف یولائف اشورنس لمیٹڈ یا جے ایس بینک لمیٹیڈ اس قسم کی کسی چیز کے ذمہ دار نہیں ہونگے۔ منتخب کردہ فنڈ میں سرمایہ کاری کا رسک بہر حال بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) پر لاگو ہوگا۔
- فوائد کی انفرادی وضاحت ہمارے کنسلٹنٹ کی طرف سے آپ کے لئے فراہم کی جائے گی از راہِ کرم مختلف شرائط وضوابط کی تفصیلی وضاحت حاصل کرنے کے لئے پالیسی دستاویزات کا مطالعہ کریں، آپ کی جانب سے پلان کی شرائط وضوابط کی مکمل تفہیم مطلوب ہے۔
- پلان پر وہ ٹیکسز لاگو ہونگے جو ٹیکس قوانین کے مطابق ہوں
- معاہدے کے طریقے کار کی وضاحت شرائط وضوابط میں کی گئی ہے۔ یہ کتابچہ پروڈکٹ کی خصوصیات اور فوائد کا صرف عمومی خلاصہ پیش کرتا ہے
- جے ایس بینک محض اپنے گرانقدر صارفین کے لئے اس پروڈکٹ کی تشہیر اور تقسیم کر رہا ہے۔

## ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ

ای ایف یو ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، 8th اسٹریٹ، فیزون، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان۔

فیکس: 3453-7519 (021) ای میل: csd@efulife.com